سوال

ہمارانام صرف مسلم ہے؟

جواب

اپنانام مسلم رکھنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جماعت المسلمین رجسٹرڈ کراچی والے کہتے ہیں کہ اپنانام صرف مسلم رکھواوراس کے علاوہ نام رکھنے سے فرقہ وجود میں آتا ہے۔ اوروہ اہل حدیث، سنی، بریلوی اور دیوبندی وغیرہ ناموں کو غلط کہتے ہیں ان کا یہ موقف کہاں تک صحیح ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! خود جماعت المسلمین کے لوگوں کے صحیح مسلمان ہونے کے بارے میں اہل علم تحفظات کا شکار ہیں، کیونکہ ان کے متعدد ایسے تفردات ہیں جو گمراہی کی طرف لے جانے والے ہیں۔ مسلم ایک صفاتی نام ہے، ہر وہ شخص جو اپنے آپ کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھال لیتا ہے وہ مسلم ہے، خواہ وہ اہل حدیث ہو یا کسی اور مکتب فکر سے تعلق رکھتا ہو، ہم اپنے آپ کو اہل حدیث دیگر فرقوں سے ممتاز کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ اصل حکم عقائد اور اطاعت کا ہے، اگر کوئی شخص اپنا مسلم نہیں رکھتا لیکن وہ عقیدہ توحید اور اطاعت شریعت کا پابند ہے تو وہ مسلم ہے، اور اگر کوئی اپنا نام مسلم رکھ کر عقیدہ شرک اور نافرمانی کا مرتکب ہے تو مسلم نام رکھنے کے باوجود اس کے اسلام میں شک ہے۔ ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی